mass save

ایم اے انرجی اسسٹنس پروگرامز

بلحاظ آمدنی اہل شہریوں کے لیے

اگر آپ میساچوسیٹس کے آمدن کے لحاظ سے ایک اہل رہائشی ہیں، تو ایسے کئی پروگرام موجود ہیں، جو توانائی کے بلوں کا بندوبست کرنے میں آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔

اہلیت کیسے حاصل کریں

اہلیت حاصل کرنے کے لیے، آپ کے گھرانے کی مجموعی آمدن کو ذیل میں دکھائے گئے چارٹ پر موجود رقم کے برابر یا کم ہونا چاہیے۔ انرجی اسسٹنس پروگرامز کے درخواست دہندگان کو اپنی مقامی کمیونٹی ایجنسی سے رابطہ کرنا چاہیے۔ وہ آپ کو آمدن کی اہلیت کی تصدیق کرنے کے لیے ضروری دستاویزات کے متعلق بتائیں گے۔

2019آمدن کی اہلیت کی رقوم

ھگرانے میں افراد کی تعداد	سلانہ آمدنی
1	$35,510
2	$46,437
3	$57,363
4	$68,289
5	$79,215
6	$90,141
7	$92,190
8	$94,239

اپنی کمیونٹی ایکشن ایجنسی کے بارے میں جاننے کے لیے ملاحظہ کریں **hedfuel.azurewebsites.net** یا **866-537-7267** پر کال کریں۔

دستیاب پروگرام

ایندھن میں معاونت

ایندھن میں معاونت (جسے LIHEAP — لو انکم ہوم انرجی اسسٹنس پروگرام کہا جاتا ہے) ہیٹنگ کا بنیادی بل ادا کرنے میں آپ کی مدد کرتا، بے شک آپ مالک مکان ہوں یا کرایہ دار۔ پروگرام آپ کے یوٹیلٹی یا ایندھن کے ڈیلر کو براہ راست ادائیگیاں کرتا ہے، آپ چاہے تیل، پروپین، قدرتی گیس، بجلی، لکڑی یا کوئلے سے اپنا گھر گرم کرتے ہوں۔ اگر آپ کرائے پر رہ رہے ہیں، جہاں کا مالک مکان حرارت کا بل خود ادا کرتا ہے، تو آپ LIHEAP سے کرائے کی ہیٹنگ والی رقم کے حصے کی ادائیگی وصول کرنے کے اہل ہو سکتے ہیں۔

LIHEAP کے بارے میں مزید معلومات اور پروگرام کے اضافی فوائد کے بارے میں جاننے کے لیے، **benefits.gov/benefits/benefit-details/1576** ملاحظہ کریں۔

قدرتی گیس اور بجلی کے بارعایت ریٹ

میساچوسیٹس میں ریاستی انتظام کے تحت چلنے والی قدرتی گیس اور بجلی کی تمام یوٹیلیٹی کمپنیاں ریزیڈینشل ڈسکاؤنٹ ریٹ پیش کرتی ہیں۔ ایندھن میں معاونت موصول کرنے والے گھرانوں کا خودکار طریقے سے اندراج ہو جاتا ہے۔ اگر آپ TANF, EAEDC, SNAP, MassHealth,WIC یا آمدنی سے متعلقہ دیگر کسی پروگرام سے مستفید ہو رہے ہیں، تو اس صورت میں بھی آپ اہل ہیں لیکن آپ کو اپنی یوٹیلٹی کے لیے براہ راست درخواست دینی ہو گی۔

ادائیگی کے منصوبے اور/یا واجب الادا رقوم کا بندوبست کرنے کے پروگرام

میساچوسیٹس کی قدرتی گیس اور بجلی کی یوٹیلٹی کمپنیاں آپ کے بل کی زائد المعیاد رقوم کی ادائیگیوں کو آسان اقساط میں تقسیم کرنے کے حوالے سے آپ کے ساتھ تعاون کریں گی۔ یوٹیلٹی کمپنیاں اریریج منیجمنٹ پروگرام کی بھی پیشکش کرتی ہیں جس میں اگر آپ بجٹ ادائیگیاں بر وقت کر دیں، تو ماضی کے زائد المعیاد واجبات معاف کیے جا سکتے۔ اندراج کے لیے، برائے مہربانی اپنی یوٹیلٹی کمپنی سے براہ راست رابطہ کریں۔

توانائی کی بچت اور موسمی حالات سے نمٹنے میں معاونت کے پروگرام

میساچوسیٹس کی قدرتی گیس اور بجلی کی یوٹیلٹی کمپنیاں اور کیپ لائیٹ کمپیکٹ آپ کے توانائی کے بلوں کو کم کرنے میں مدد دینے کے لیے ایک مفت پروگرام کی پیشکش کرتی ہیں۔ یہ سب کچھ آپ کے گھر کی بلا لاگت انرجی اسیسمنٹ سے شروع ہوتا ہے تاکہ توانائی بچانے کے ممکنہ مواقع کا تعین کیا جا سکے۔ اگر آپ کی موجودہ اپلائنس کام کر رہی ہے اور اس کا کارآمد ہونا ثابت ہو جاتا ہے تو آپ کو بہتر کارکردگی والے لائیٹ بلب، پانی بچانے کے مواد اور ممکنہ طور پر ایک نیا ریفریجریٹر، فریزر، ہیٹنگ سسٹم (یا سسٹم کی مرمت یا ٹیون اپ)، خشکاندہ (ڈی ہیومیڈیفائر)، فرنٹ لوڈنگ واشن مشین اور/یا ونڈو اے سی مل سکتا ہے۔ دیگر بلاقیمت خدمات میں بالاخانے اور دیواروں کی انسولیشن، ویدر اسٹرپنگ اور آپ کے گھر میں ہوا کے اندر گھسنے کے راستوں کو سیل کرنا بھی شامل ہو سکتا ہے۔ یہ خدمات اس بات سے قطع نظر ہیں کہ آیا آپ کے گھر کو بجلی، قدرتی گیس، تیل، پروپین، مٹی کے تیل یا لکڑی سے گرم کیا جاتا ہے۔ یہ سہولیات اس سے قطع نظر آپ کو دستیاب ہیں کہ آپ کرایے دار ہیں یا مالک مکان ہیں یا 1-4 یونٹ کی ایسی عمارت کے مالک ہیں جس میں کم از کم نصف یونٹ آمدنی کے قابل ہیں۔ مزید جاننے یا اس خدمت کے لیے درخواست دینے کے لیے اپنی مقامی کمیونٹی ایجنسی سے رابطہ کریں۔ ایسی عمارتوں کے مالک جن میں 5 یا زائد یونٹ موجود ہیں اور جن میں سے کم از کم 50% رہائشی آمدنی کے اہل ہیں، انہیں چاہیے کہ وہ 617-348-6425 پر کال کریں یا leanmultifamily.org پر درخواست دیں۔

اپنی مقامی کمیونٹی ایجنسی کے بارے میں جاننے کے لیے866-537-7267 پر کال کریں،
اپنا زپ کوڈ ڈالیں اور آپشن 2 منتخب کریں۔ یا ملاحظہ کریں hedfuel.azurewebsites.net

دیگر تحفظ

یوٹیلٹی کے بند ہونے سے تحفظ

1. قدرتی گیس اور بجلی کی یوٹیلٹی کمپنیاں 15 نومبر سے لے کر 15 مارچ تک حرارت سے متعلق اپنی خدمات نہیں روکیں گی، ماسوائے یہ کہ وہ خدمت 15 نومبر سے پہلے عدم ادائیگی کی وجہ سے بند تھیں۔

2. شدید بیماری – کسی گھرانے میں اگر کوئی شخص (بالغ یا بچہ) شدید بیمار ہو، تو قدرتی گیس اور بجلی کی کمپنیاں اس گھرانے میں موجود اپنی خدمات کو نہیں روکیں گی۔ دستاویزی ثبوت کے طور پر میڈیکل سرٹیفیکیٹ اور مالی مشکلات کا سرٹیفیکیٹ یوٹیلیٹی کمپنی کے پاس جمع کروانا لازمی ہو گا۔

3. 12 ماہ سے کم عمر بچے – اگر کسی گھرانے میں 12 ماہ سے کم عمر بچہ موجود ہو، تو قدرتی گیس اور بجلی کی کمپنیاں اس گھر سے اپنی خدمت کو ختم نہیں کریں گی۔ دستاویزی ثبوت کے طور پر پیدائش کا سرٹیفیکیٹ اور مالی مشکلات کا سرٹیفیکیٹ یوٹیلیٹی کمپنی کے پاس جمع کروانا لازمی ہو گا۔

4. بزرگ افراد – اگر کسی گھرانے کے تمام بالغ افراد کی عمریں 65 سال یا اس سے زیادہ ہوں، تو قدرتی گیس اور بجلی کی کمپنیاں ڈیپارٹمنٹ آف پبلک یوٹیلیٹیز کی اجازت کے بغیر اس گھر سے اپنی خدمت کو ختم نہیں کریں گی۔

مزید جاننے کے لیے برائےمہربانی اپنے مقامی قدرتی گیس اور/یا بجلی یا لوکل کمیونٹی ایجنسی سے رابطہ کریں۔

حرارت میں مدد کے دیگر وسائل

ایمرجنسی فوڈ اینڈ شیلٹر پروگرام (EFSP)، جس کو اکثر آپ کی مقامی فیوئل اسسٹنس ایجنسی کی جانب سے چلایا جاتا ہے، بھی آپ کے یوٹیلیٹی بلوں میں ایک مرتبہ مدد فراہم کر سکتا ہے۔ مزید معلومات کے لیے، براہ مہربانی ملاحظہ کریں efsp.unitedway.org

گُڈ نیبر انرجی فنڈ ایسے لوگوں کو ایک مرتبہ کے لیے گرانٹ فراہم کرتا ہے جو عارضی طور پر مالی مشکلات سے دوچار ہوں مگر آمدن کے حساب سے وہ ایندھن میں معاونت کے لیے اہل نہ ہوں۔ اس کے لیے اور دیگر مدد کے لیے مقامی سیلویشن آرمی سے رابطہ کریں یا اس نمبر پر کال کریں 800-334-3047 (ایریا کوڈ 413 میں 800-262-1320)۔

کیتھولک چیرٹیاں، یونائیٹڈ وے، آپ کی سٹی یا ٹاؤن انتظامیہ یا دیگر مقامی تنظیمیں بھی مدد کر سکتی ہیں۔

میساچوسیٹس کی دیگر سماجی خدمات کے بارے میں مزید معلومات کے لیے 211 ڈائل کریں۔

اپنی مقامی کمیونٹی ایجنسی کو ڈھونڈنے کے لیے، برائے مہربانی 866-537-7267 پر کال کریں یا hedfuel.azurewebsites.net ملاحظہ فرمائیں

mass save
Savings through energy efficiency

تعاون کنندگان:

Columbia Gas of Massachusetts — A NiSource Company
Cape Light Compact
Blackstone Gas Company
Berkshire Gas
Unitil — energy for life
nationalgrid — HERE WITH YOU. HERE FOR YOU.
Liberty Utilities
Eversource